فلسفہ ہند کے بنیادی تصورات

چند تصریحات

ایک دو روز پہلے "اقبالیات" کا شمارہ برائے جولائی ۔ ستمبر ۱۹۹۴ موصول ہوا ۔ جناب ڈاکٹر آصف اقبال خان کا مضمون "فلسفہ ہند کے بنیادی تصورات" میں نے دلچسپی سے پڑھا ۔ یہ مضمون یقیناً بہت اچھا ہو سکتا تھا اگر ڈاکٹر صاحب انگریزی مواد کا سہارا لینے کی بجائے فلسفہ ہند کے متعلق "ذاتی" معلومات بھی رکھتے ۔ فکری اعتبار سے اس مضمون میں :

(الف) کچھ باتیں صحیح ہیں

(ب) کچھ باتوں سے اختلاف کی گنجائش موجود ہے ۔

(ج) کچھ باتیں غلط ہیں ۔

صرف درج بالا (ج) کے متعلق کچھ عرض کر سکوں گا ۔

صفحہ ۲۹ ۔ شرتی یا الہامی صرف وید مانے جاتے ہیں ۔ ہر وید کے اپنے براہمن (کتابیں) اور آرن یک ہیں ۔ وہ الہامی نہیں مانے جاتے ۔

ڈاکٹر صاحب نے "اپنشد کے باب" کے الفاظ بھی لکھے ہیں ۔ ایک سو سے زاید اپنشد ہیں ۔ صیغہ واحد ان کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اور یہ الہامی بھی نہیں مانے جاتے ۔

صفحہ ۲۹ ۔ ویدوں کی تعداد چار ہی ہے (بتائی نہیں جاتی)

صفحہ ۲۹ ۔ ڈاکٹر صاحب نے لکھا ہے کہ ہر وید کو تین ابواب میں تقسیم کیا جا سکتا ہے

یہ بھی غلط ہے ۔ ہر ایک وید سمہتا ہے ۔ برہمن اور آرن یک علیحدہ کتابیں ہیں ، جن میں ویدوں کے افکار کی تشریح و تفسیر پیش کی گئی ہے ۔ اپنشدوں کا کسی بھی وید سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

صفحہ ۳۰ ۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں "بھگوت گیتا" کا ماخذ بھی اپنشد ہی کو مانا جاتا ہے "اپنشد تو ایک سو سے زاید ہیں ۔ سوال یہ ہے کہ کس اپنشد کو "گیتا" کا ماخذ مانا جاتا ہے ؟ یہ دوسری بات ہے کہ کچھ سکالر "بھگوت گیتا" کو بھی اپنشد ہی مانتے ہیں ۔

صفحہ ۴۵ ۔ نرگن --- اللہ تعالی بغیر صفات کے ۔ سوگن یا سرگن --- اللہ تعالی بمعہ تمام صفات کے ۔ اس سلسلہ میں راقم الحروف کا مضمون " نرگن ، سرگن " میری کتاب "تک سک "(پاکستان پنجابی ادبی بورڈ ، لاہور ، ۱۹۹۲) میں دیکھا جائے ۔

ڈاکٹر آصف اقبال خان کا ماخذ کیونکہ انگریزی کتابیں ہیں ، اس لیے ان کو اکثر الفاظ کے صحیح تلفظ کا پتہ نہیں چل سکا ۔ کچھ مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

صفحہ نمبر	غلط لفظ	صحیح لفظ	
۲۹	سروں	سوتروں	(सूत्रों)
"	شروتی	شرتی	(श्रुति)
"	سم وید	سام وید	(साम वेद)
"	برہمنہ	برہمن	(ब्राह्मण)
"	اتھروید	اتھرو وید	(अथर्व वेद)
"	کرم کنند	کرم کانڈ	(कर्म कांड)
"	گیان کنند	گیان کانڈ	(ज्ञान कांड)
"	سنہتا	سمہتا	(संहिता)
۳۰	براہمہ	برہم	(ब्रह्म)
"	کرود	کرودھ	(क्रोध)
۳۱	گیان مرگ	گیان مارگ	(ज्ञान मार्ग)
"	بھگتی مرگ	بھگتی مارگ	
"	کرم مرگ	کرم مارگ	
۳۸،۳۷	درشتاں	درشن	(दर्शन)
۳۷	سانکیہ	سانکھیہ	(सांख्य)
۴۱	کپا	کپل	(कपिल)

۴۲	پروشہ	پرش	(पुरुष)
۴۳	یوگا	یوگ	(योग)
"	یام	یم	(यम)
"	نیام	نیم	(नियम)
۴۵	پدریانہ	بادرائین	(बादरायण)
۴۷	راماتوج	راماج	
۴۷	راماننده	رامانند	

محمد آصف خان

مدیر پنجابی ادب' لاہور

www.IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

AL-TAWHĪD

A Quarterly Journal of Islamic Thought and Culture

A quarterly journal published by Sāzmān-e Tablīghāt-e Islāmī, Tehran, Islamic Republic of Iran. Contains articles on Qur'ānic studies, ḥadīth (tradition), Islamic philosophy and 'irfān (mysticism), fiqh and uṣūl (law and jurisprudence), Islamic history, economics, sociology, political science, comparative religion, etc., and reviews on books on related topics. The Journal was launched in 1983.

Scholars from all over the world are invited to contribute to the journal.

All contributions and editorial correspondence should be sent to:

The Editor, Al-Tawḥīd (English), P.O.Box 14155-6449, Tehran, Islamic Republic of Iran.

Distributed by:
Orient Distribution Services
P.O.Box 471, Harrow Middlesex HA2 7NB, England

Subscription Rates (inclusive of postage):

	Per copy	Annual Subscription
Institutions & Libraries	£ 5.00	£ 20.00
Individuals	£ 3.75	£ 15.00
Back copies	£ 4.00	
India & Pakistan	Rs. 25	Rs. 100

All rights reserved. © 2002-2006